ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (330)

12.06.24

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 38 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ پراپرٹی کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کریں، تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 38 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کیئے۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کر کے براہ راست جواب طلبی کی۔ کھلی کچہری میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں مقدمات کی پراگریس لی۔ ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کر کے مدعی مقدمہ کے حوالے کر کے رپورٹ جمع کروائیں۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جا رہی ہے، سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (331)

مورخہ 12.06.24

**بہاولپور (          ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی پولیس لائینز کے کانفرنس ہال میں سٹی وصدر سرکل کے ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز و تفتیشی افسران کے ساتھ کرائم میٹنگ۔منشیات فروشوں اور اشتہاری مجرمان کے خلاف جاری مہم کو مزید تیز کیا جائے۔شہریوں کا امن خراب کرنے والے کسی رعائیت کے مستحق نہیں،سماج دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھیں،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی کرائم کنٹرول اور معاشرے میں امن وامان کی صورت حال کو قائم رکھنے کے حوالے سے جاری کردہ پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے سٹی وصدر سرکل کے ایس ڈی ایس پی اوز، ایس ایچ اوز و تفتیشی افسران سے میٹنگ کی۔میٹنگ میں ایس ڈی پی او سٹی سرکل محمد یونس اور ایس ڈی پی او صدر سرکل بابر علی نے مقدمات بارے ڈی پی او اسد سرفراز خان کو بریفنگ دی۔جس پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کہا کہ روزانہ کی پراگرس چیک کی جا رہی ہے۔اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کا تحرک تیز کیا جائے اور پرانے ملزمان کو اشتہاری قرار دلوایا جائے۔قتل، اقدام قتل، ڈکیتی، رابری اور سنگین مقدمات کی تفتیش میرٹ اور متعینہ وقت کے اندر کی جائے۔زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد یکسو کیا جائے، اور چالان دی گئی ڈیڈ لائین میں عدالت جمع کروائے جائیں۔ہاٹ سپاٹ والے ایریاز کی خصوصی نگرانی کریں۔گشت کے نظام کو موثر اور سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائیں تاکہ لوگوں کی قیمتی جانوں کو محفوظ بنایا جا سکے۔منشیات فروشوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائیوں کو تیز کیا جائے۔تھانہ پر آنے والی درخواستوں کو میرٹ پر متعین کردہ وقت میں حل کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ میری پالیسی صرف اور صرف میرٹ ہے،شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کرنا میری اولین ترجیح ہے۔پولیس کی طرف سے کسی بھی شہری کی ساتھ زیادتی یا بدعنوانی کی شکایت پر سخت احتساب عمل میں لایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان پولیس لائینز کے کانفرنس ہال میں سٹی وصدر سرکل کے ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز و تفتیشی افسران کے ساتھ میٹنگ کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (332)

12.06.24

**بہاول پور( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا گزشتہ روز دفتر ایس ڈی پی او سرکل احمد پور شرقیہ، تھانہ ڈیرہ نواب صاحب اور پولیس خدمت مرکز کا وزٹ، شہریوں کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا، دفاتر کا معائنہ کیا۔ پولیس کیس فائلز کی انسپیکشن کی، تھانہ انصاف کی بنیادی اکائی ہے، فرائض میں غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی انویسٹی گیشن کو ترجیحی بنیادوں پر بہتر بنانے اور شہریوں کو ہر ممکن ریلیف مہیا کرنے بارے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے ایس ڈی پی او سرکل احمد پور شرقیہ کے دفتر، تھانہ ڈیرہ نواب صاحب اور پولیس خدمت مرکز کا اچانک وزٹ کیا، ایس ڈی پی سرکل احمد پور شرقیہ فرخ جاوید نے ڈی پی او اسد سرفراز خان کو دوران وزٹ بریف کیا۔ تھانہ ڈیرہ نواب کے وزٹ کے دوران ڈی پی او اسد سرفراز خان نے فرنٹ ڈیسک، محرر آفس، حوالات، تھانہ کا ریکارڈ، مالخانہ، اسلحہ خانہ اور تھانہ کی صفائی ستھرائی کو چیک کیا اور مناسب ہدایات جاری کیں۔ تھانہ کی حوالات میں موجود ملزمان سے استفسار بھی کیا اور حوالات کے باہر لگی لسٹ کے مطابق ملزمان کی جانچ کی۔ اس موقع پر افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ غیر قانونی حراست کسی صورت قابل قبول نہیں، ملزمان پر کسی قسم کی تشدد کی شکایت نہیں آنی چاہیے **"نفرت جرم سے ہونی چاہیے انسان سے نہیں"**۔ ڈی پی او نے فرنٹ ڈیسک پر آن لائن ریکارڈ کی تکمیل کو چیک کیا۔ تھانہ کے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ رکھیں، تکمیل ریکارڈ میں کسی قسم کی سستی و لاپرواہی کا مظاہرہ نہ کیا جائے۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے خدمت مرکز احمد پور شرقیہ کے وزٹ کے موقع پر عوام الناس کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا اور اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہر آنے والے شہری سے خوش اسلوبی سے پیش آیا جائے اور بغیر تاخیر کیے ان کا مسئلہ فوری حل کیا جائے۔ بعد ازاں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے ایس ڈی پی او سرکل احمد پور شرقیہ کے ہمراہ احمد پور شرقیہ کی مارکیٹ کا وزٹ کیا اور مختلف دکانداروں سے گفتگو کے دوران پولیس کے متعلق پیش آمدہ اجتماعی اور انفرادی مسائل دریافت کئے اور ان کے مناسب حل کے لئے ہدایات جاری کیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان گزشتہ روز ایس ڈی پی او آفس احمد پور شرقیہ، تھانہ ڈیرہ نواب اور پولیس خدمت مرکز کے وزٹ بعد احمد پور شرقیہ کی مارکیٹ میں دکانداروں سے ملاقات کے دوران مسائل دریافت کر رہے ہیں